# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 09 June-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۰۹/جون ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ چھترپتی شیواجی مہاراج بھارت گوروسیاحتی ٹرین کووزیرِ اعلیٰ نے دکھائی ہری جھنڈی۔

☆ ریاست کے تمام بجلی صارفین کومرحلہ وار شمسی توانائی کے استعمال پرلانے کی وزیر اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات سے متعلق معلومات کے حصول کیلئے راہل گاندھی سے براہ راست انتخابی کمیشن سے رابطہ کرنے کی الیکشن کمیشن کی اپیل۔

☆ 99واں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن ستارا میں، مہاراشٹر ساہتیہ پریشد کی شاہو پوری شاخ کو سمّیلن کے انعقاد کا اعزاز۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ سمیت ریاست کے متعدد حصوں میں آئندہ دو تا تین دن زوردار بارش کی محکمہ موسمیات کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

چھترپتی شیواجی مہاراج کی شاندار تاریخ اور فخریہ ورثے کا نمونہ پیش کرنے والی ''چھترپتی شیواجی مہاراج بھارت گورو سیاحتی ٹرین'' کے پانچ دنوں کے سفر کا آج سے آغاز ہوگیا ہے۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمینس پر ٹرین کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ ٹرین آئی آر سی ٹی سی، وزارت ریلوے اور ریاستی حکومت کے اشتراک سے چلائی جارہی ہے۔ اس پانچ دن کے سفر کے دوران یہ ٹرین رائے گڑھ، شیونیری، پرتاپ گڑھ، پنہاڑا، لال محل، کسبا گنپتی اور شیوسُرشٹی جیسے مقامات پر پہنچے گی۔ اس ریلوے گاڑی میں 720 مسافر سفر کررہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے مسافروں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس خصوصی ٹرین کی شروعات پر وزیر اعظم اور وزیر ریلوے کا شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

پردھان منتری سوریہ گھر یوجنا کے تحت ریاست میں ایک علیحدہ اسکیم تیار کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بتایا کہ اس اسکیم کے ذریعے 100 یونٹ تک کے بجلی صارفین کو شمسی توانائی پر لانے کا ہدف ہے' جبکہ دوسرے مرحلے میں 300 یونٹ تک والے صارفین کو اس میں شامل کیا جائے گا۔ گزشتہ روز پونے میں مہا اُورجا دفتر کے افتتاح کے بعد وزیرِ اعلیٰ میڈیا سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ تین سو یونٹ تک کسی بھی بجلی صارف کو بجلی کا بل ہی نہ آئے یہی حکومت کا ہدف ہے۔

دریں اثنا، اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے دسمبر 2025 تک ریاست کے تمام سرکاری دفاتر میں شمسی توانائی کا استعمال شروع کردیئے جانے کی اطلاع بھی دی۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے 24 دسمبر 2024 کو کانگریس پارٹی کو ایک تفصیلی جواب ارسال کیا ہے، جس میں کمیشن نے کانگریس پارٹی کے تمام سوالات پر تفصیلی وضاحت دی ہے۔ اس باضابطہ خط و کتابت کے بعد بھی کانگریس قائد راہل گاندھی کی جانب سے ذرائع ابلاغ کے ذریعے ایک بار پھر[4] شکوک وشبہات اور الزامات عائد کیے جانے پر کمیشن نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ کوئی بھی سیاسی جماعت یا کوئی سیاسی رہنما کمیشن سے براہِ راست تحریری رابطہ کرتا ہے تو ہم ضرور جواب دیتے ہیں اور دیتے رہے ہیں۔ کمیشن نے راہل گاندھی سے میڈیا میں سوال اٹھانے کے بجائے براہِ راست خط و کتابت کے ذریعے رابطہ کرنے کی اپیل بھی کی۔

دریں اثنا، اس معاملے پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ راہل گاندھی کے تحریری سوال کا جواب تحریری طور پر دیا گیا ہے، لہٰذا کم از کم اب راہل گاندھی کو اس طرح کے بیانات دینا بند کر دینا چاہیے۔

***** ***** *****

گزشتہ 11 سالوں میں خدمات، حسنِ انتظام اور غریبوں کی فلاح و بہبود کے اصولوں کے ذریعے ملک کے شہریوں کا معیار زندگی یکسر تبدیل ہوا ہے۔ آکاشوانی اپنے سامعین کیلئے گذشتہ 11 سالوں میں بڑے شعبوں میں ہونے والی تبدیلیوں کا جائزہ پیش کر رہا ہے۔ آج کے خبرنامے میں شمال مشرقی ریاستوں کی ترقی سے متعلق تفصیلات پیش کی جا رہی ہیں:

**Voice Cast**

*’’گذشتہ دہائی میں ملک کی شمال مشرقی ریاستیں علیحدگی سے اتحاد کی طرف بڑھی ہیں۔ ایکٹ ایسٹ پالیسی اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں شمال مشرقی ریاستوں کی محرومی سے ترجیحات کی طرف پیش قدمی ہوئی ہے۔ امن معاہدوں سے خطے میں امن قائم ہو رہا ہے اور تشدد میں کمی آ رہی ہے۔ اسی طرح حکومت کی کوششوں نے ان خطوں میں AFSPA میں نرمی کا راستہ بھی ہموار کیا ہے۔ آسام اور اروناچل پردیش نے حال ہی میں دہائیوں پرانے سرحدی تنازع کو حل کرنے کیلئے ایک مفاہمتی معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔*

*ان ریاستوں کو ترجیحات دینے کے سبب حمل و نقل کے انتظامات میں بے مثال بہتری آئی ہے۔ دس نئی گرین فیلڈ طیران گاہیں، میزورم جیسی ریاستوں میں نئی ریلوے کنیکٹیویٹی اور برہم پتر ندی پر رو۔ رو پھیری خدمات نے نقل و حرکت میں اضافہ کیا ہے۔ بوگی بیل پل جیسے بڑے منصوبوں نے ایک وقت کے دور دراز علاقوں کو قریب کر دیا ہے۔*

*PM-DevINE اور Unnati-2024 جیسی اسکیمیں نئی اقتصادی صلاحیتیں اور گنجائشیں پیدا کر رہی ہیں۔ بنیادی ڈھانچے اور پیداواری صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے ایک کروڑ 35 کروڑ لاکھ روپے سے زیادہ کے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ برقی ترقی میں بڑے پیمانے پر اضافہ ہوا ہے اور شمال مشرقی ریاستیں 15 ہزار میگاواٹ صاف توانائی کے استعمال کی جانب گامزن ہیں۔ آج، شمال مشرقی ریاستیں صرف سرحدی علاقے نہیں ہیں، بلکہ ملک کی ترقی کا اہم انجن ہیں۔‘‘*

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

99واں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن ستارا میں منعقد ہوگا۔ ساہتیہ سمّلین کے انعقاد کا اعزاز ستارا کے مہاراشٹر ساہتیہ پریشد کی شاہو پوری شاخ اور ماوَڑا فاوَنڈیشن کو مل رہا ہے۔ ساہتیہ مہامنڈل کے صدر پروفیسر ملند جوشی نے بتایا کہ یہ فیصلہ کل پونے میں منعقدہ کل ہند مراٹھی ساہتیہ مہامنڈل کی میٹنگ میں متفقہ طور پر لیا گیا۔ ستارا میں منعقد ہونے والا یہ چوتھا ساہتیہ سمّیلن ہے۔

***** ***** *****

ترقی یافتہ زرعی سنکلپ مہم کے تحت دھاراشیو ضلعے کے 50 دیہاتوں میں مختلف مفید سرگرمیاں چلائی جارہی ہیں۔ تلجا پور کے زرعی سائنسی مرکز، ضلع زرعی سپرنٹنڈنگ آفیسر دفتر اور محکمہ زراعت دفتر میں مختلف تربیتی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کے 11 سال مکمل ہونے کی مناسبت سے پربھنی میں بی جے پی کی جانب سے کل ''سنکلپ سے سدھی تک'' کے نام سے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں پارٹی کارکنان کو'' ترقی یافتہ بھارت ۔ دورِ اقتدار میں عوامی خدمات، اور غریبوں کی فلاح'' کے موضوعات پر رہنمائی کی گئی۔ پربھنی میں پارٹی سربراہ شیواجی بھروسے نے بتایا کہ مرکزی حکومت کی مختلف اسکیموں کے فائدے لوگوں تک پہنچانے کیلئے تشہیر اور رابطۂ عامہ کو مضبوط بنانے کے مقصد سے یہ منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

گیارہویں بین الاقوامی یوگا دن میں اب صرف 12 دن باقی رہ گئے ہیں۔ یوگا کے تربیت کار اُمیش دَرَک نے ڈنڈاستھی کے سہ رُخی آسن کے بارے میں بتایا کہ کاندھے اور کمر درد میں اس آسن سے افاقہ ہوتا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ یہ آسن کمر اور کندھوں کے درد میں مبتلا مریضوں کیلئے مفید ثابت ہوتا ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے اونڈھا ناگناتھ شاہراہ پروائی پھاٹے کے قریب ایک کار اور دو پہیہ گاڑی کے حادثے میں دو مزدوروں کی موقع پر ہی موت واقع ہو گئی۔ یہ حادثہ گذشتہ رات ساڑھے نو بجے کے قریب پیش آیا۔ متوفی' مزدور دو پہیہ گاڑی سے بسمت جا رہے تھے' اسی اثنا اونڈھا ناگناتھ کی جانب سے آنے والی کار نے انہیں ٹکر مار دینے کے سبب یہ حادثہ رونما ہوا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے لوہارا میں کل دو پہر اولہ باری کے ساتھ زوردار بارش ہوئی۔

اسی اثنا، محکمہ موسمیات نے ریاست کے کئی حصوں میں آئندہ دو تین دنوں تک تیز ہواؤں اور بجلی کی گرج و چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور ودربھ میں موسلا دھار بارش کا امکان ہے، جبکہ کوکن میں ہلکی تا درمیانی بارش ہونے کا اندازہ ظاہر کیا گیا ہے۔ مراٹھواڑہ کے دھاراشیو، لاتور، ناندیڑ اور بیڑ اضلاع کیلئے آئندہ تین دنوں کیلئے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

فرینچ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں اسپین کے کارلوس الکاراز نے مسلسل دوسری بار خطاب جیت لیا ہے۔ انہوں نے اٹلی کے جینِک سِنیر کو پانچ سیٹوں میں شکست دی۔ اس فتح کے ساتھ الکاراز نے پانچ گرینڈ سلیم جیتنے کا اعزاز بھی حاصل کیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ چھترپتی شیواجی مہاراج بھارت گورو سیاحتی ٹرین کو وزیرِ اعلیٰ نے دکھائی ہری جھنڈی۔

☆ ریاست کے تمام بجلی صارفین کو مرحلہ وار شمسی توانائی کے استعمال پر لانے کی وزیر اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات سے متعلق معلومات کے حصول کیلئے راہل گاندھی سے براہ راست انتخابی کمیشن سے رابطہ کرنے کی الیکشن کمیشن کی اپیل۔

☆ 99واں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن ستارا میں، مہاراشٹر ساہتیہ پریشد کی شاہو پوری شاخ کو سمّیلن کے انعقاد کا اعزاز۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ سمیت ریاست کے متعدد حصوں میں آئندہ دو تا تین دن زوردار بارش کی محکمہ موسمیات کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****